جامعہ سلفیہ فیصل آباد میں نئے تعلیمی سال کا آغاز
11 شوال بمطابق 25 جون 2018ء کو ہو گیا

کیونکہ دینی مدارس کا میں نئے تعلیمی سال کا آغاز ماہ شوال میں ہوتا ہے کہ جامعہ سلفیہ ملک بھر کے دینی مدارس میں ایک ممتاز مقام رکھتا ہے اس لیے ہر سال اس میں طلباء کی تعداد میں اضافہ ہوتا ہے اور ملک کے طول وعرض سے طلبہ کشاں کشاں جوق در جوق داخلے کے لیے جامعہ کا قصد کرتے ہیں۔ امسال پہلی کلاس کے داخلہ کے لیے 8 جولائی 2018ء بروز اتوار کی تاریخ مقرر کی گئی جس میں پہلے دن ہی داخلہ ٹیسٹ میں 143 طلبہ نے کامیابی حاصل کی اور جامعہ میں ان کا داخلہ ہوا۔ یاد رہے کہ جامعہ کے بہترین تعلیمی معیار کی وجہ سے داخلہ ٹیسٹ میں بھی اور جامعہ کے ششماہی اور سالانہ امتحانات میں بھی کامیابی کے لیے 50 فیصد نمبر حاصل کرنا ضروری ہے۔

اس سال مجموعی طور پر 200 سے زائد طلبہ نے مختلف مراحل میں داخلہ لیا اس طرح جامعہ میں اس وقت 800 سے زائد طلبہ زیر تعلیم ہیں جن کے لیے بہترین کھانا' رہائش و دیگر ضروریات جامعہ کے ذمہ ہے۔ شعبہ حفظ کی تعداد اس سے الگ ہے جو کہ 150 کے قریب ہے۔ جامعہ کا شعبہ حفظ عبداللہ گارڈن کینال روڈ پر مستقل طور پر جامع مسجد غفور نسیم میں جاری ہے جس میں اساتذہ تدریسی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ الحمد للہ تعالیٰ جامعہ کے طلبہ تعلیمی' تربیتی لحاظ سے ایک منفرد مقام رکھتے ہیں اس لیے ہم بجا طور پر یہ توقع رکھتے ہیں اور دعوت بھی دیتے ہیں کہ آپ اپنے بچوں کو دینی تعلیم کے حصول کے لیے جامعہ سلفیہ میں داخل کروائیں۔

یاد رہے کہ جو طلبہ اپنی عصری تعلیم کو جاری رکھنا چاہیں جامعہ انہیں وسائل' سہولتیں اور ہر قسم کا تعاون مہیا کرتا ہے نیز جامعہ میں موبائل ریپئرنگ اور کمپیوٹر وغیرہ کے کورس بھی کروائے جاتے ہیں اور باقاعدہ اس کا ڈپلومہ جاری کیا جاتا ہے۔